AL HAYAT Ranchi 11-02-2023

# قومی سطح پر تکنیکی تعلیم کے نصاب میں مانو انسٹرکٹر محمد عامر کے اسباق



**الحیات نیوز سروس**

حیدرآباد: نیشنل اسکل کوالیفکیشن فریم ورک (این ایس کیو ایف) کے لیول 4 کے نصاب میں مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، آئی ٹی آئی کے الیکٹرانکس میکانک انسٹرکٹر جناب محمد عامر کے اسباق شامل کیے گئے ہیں۔ نیشنل انسٹرکشنل میڈیا انسٹیٹیوٹ (این آئی ایم آئی)، چینئی، ڈائرکٹوریٹ جنرل آف ٹریننگ، منسٹری آف اسکل ڈیولپمنٹ، حکومت ہند کی جانب سے کرافٹسمین ٹریننگ اسکیم کے تحت اس نصابی کتاب کو تیار کروایا گیا ہے۔ جناب محمد عامر کے علاوہ اس میں تاملناڈو اور کیرالا کے ماہرین محترمہ ایس گوری، جے ٹی او، گورنمنٹ آئی ٹی آئی تھیرومنازر، جناب ای کرشنا راج، جے ٹی او، گورنمنٹ آئی ٹی آئی ہوسُر، جناب پرکاش ایم، سینئر انسٹرکٹر، گورنمنٹ آئی ٹی آئی کیرالا، جناب اے جیارمن (ریٹائرڈ) ٹریننگ آفیسر اور جناب آر این کرشنا سامی، ووکیشنل انسٹرکٹر نے بھی اسباق تحریر کیے ہیں۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے قومی سطح کے ادارے کی جانب سے تیار کردہ الیکٹرانکس و ہارڈ ویئر کی کتاب میں ابواب کی شمولیت پر انہیں مبارکباد دی اور ان کے مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

AL HAYAT Ranchi 11-02-2023



# علامہ اقبال کے تعلیمی فلسفہ پر ڈاکٹر طارق مسعودی کا توسیعی لیکچر

الحیات نیوز سروس

حیدرآباد: مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے شعبہ تعلیم و تربیت کے زیر اہتمام ایک توسیعی لیکچر کا بعنوان "علامہ اقبال کا تعلیمی فلسفہ" انعقاد عمل میں آیا۔ پروگرام کے مہمان مقرر ڈاکٹر طارق احمد مسعودی، ایسوسی ایٹ پروفیسر (نظامت فاصلاتی تعلیم) تھے۔ ڈاکٹر مسعودی نے علامہ اقبال کے فلسفہ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے بتایا کہ علامہ اقبال صرف شاعر نہیں تھے، وہ ایک فلسفی، ماہر نفسیات، ماہر تعلیم اور سائنسی سوچ رکھنے والی عظیم شخصیت کے مالک تھے۔ توسیعی لیکچر میں D.El.Ed، B. Ed، M.Ed اور پی ایچ ڈی کے طلبہ و ریسرچ اسکالرس نے شرکت کی۔ پروگرام کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر اشوانی نے کارروائی چلائی۔ صدر شعبہ تعلیم و تربیت پروفیسر محمد مشاہد اور ڈین پروفیسر صدیقی محمد محمود نے بھی خطاب کیا۔ آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر شیخ اختشام الدین، ڈاکٹر شاکرہ پروین اور جناب جہانگیر عالم بھی اس موقع پر موجود تھے۔ پروگرام کا آغاز کلام پاک کی تلاوت سے ہوا۔

Al Hubab, 11-02-2023

# قومی سطح پر تکنیکی تعلیم کے نصاب میں مانو انسٹرکٹر محمد عامر کے اسباق



حیدرآباد، 10 رفروری (پریس نوٹ) نیشنل اسکل کوالیفکیشن فریم ورک (این ایس کیو ایف) کے لیول 4 کے نصاب میں مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، آئی ٹی آئی کے الیکٹرانکس میکانک انسٹرکٹر جناب محمد عامر کے اسباق شامل کیے گئے ہیں۔ نیشنل انسٹرکشنل میڈیا انسٹیٹیوٹ (این آئی ایم آئی)، چنئی ، ڈائرکٹوریٹ جنرل آف ٹریننگ، منسٹری آف اسکل ڈیولپمنٹ، حکومت ہند کی جانب سے کرافٹسمین ٹریننگ اسکیم کے تحت اس نصابی کتاب کو تیار کروایا گیا ہے۔ جناب محمد عامر کے علاوہ اس میں ٹاملناڈو اور کیرالا کے ماہرین محترمہ ایس گوری، جے ٹی او، گورنمنٹ آئی ٹی آئی تھیروونامز، جناب ای کرشنا راج، جے ٹی او، گورنمنٹ آئی ٹی آئی ہوسر، جناب پرکاش ایم، سینئر انسٹرکٹر، گورنمنٹ آئی ٹی آئی کیرالا، جناب اے جیارمن (ریٹائرڈ) ٹریننگ آفیسر اور جناب آر این کرشنا سامی ، ووکیشنل انسٹرکٹرز نے بھی اسباق تحریر کیے ہیں۔

پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے قومی سطح کے ادارے کی جانب سے تیار کردہ الیکٹرانکس و ہارڈویئرز کی کتاب میں ابواب کی شمولیت پر انہیں مبارکباد دی اور ان کے مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

Al Hubab, 11-02-2023

# علامہ اقبال کے تعلیمی فلسفہ پر ڈاکٹر طارق مسعودی کا توسیعی لیکچر



حیدرآباد، (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے شعبہ تعلیم و تربیت کے زیر اہتمام ایک توسیعی لیکچر کا کل بعنوان "علامہ اقبال کا تعلیمی فلسفہ" انعقاد عمل میں آیا۔

پروگرام کے مہمان مقرر ڈاکٹر طارق احمد مسعودی، ایسوی ایٹ پروفیسر (نظامت فاصلاتی تعلیم) تھے۔ ڈاکٹر مسعودی نے علامہ اقبال کے فلسفہ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے بتایا کہ علامہ اقبال صرف شاعر نہیں تھے، وہ ایک فلسفی، ماہر نفسیات، ماہر تعلیم اور سائنسی سوچ رکھنے والی عظیم شخصیت کے مالک تھے۔ توسیعی لیکچر میں B.Ed، M.Ed D.El.Ed اور پی ایچ ڈی کے طلبہ و ریسرچ اسکالرس نے شرکت کی۔

پروگرام کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر اشوانی نے کارروائی چلائی۔ صدر شعبۂ تعلیم و تربیت پروفیسر محمد مشاہد اور ڈین پروفیسر صدیقی محمد محمود نے بھی خطاب کیا۔ آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر شیخ احتشام الدین، ڈاکٹر شاکرہ پروین اور جناب جہانگیر عالم بھی اس موقع پر موجود تھے۔ پروگرام کا آغاز کلام پاک کی تلاوت سے ہوا۔

Aadab Telangana, 11-02-2023

# قومی سطح پر تکنیکی تعلیم کے نصاب میں مانوانسٹرکٹر محمد عامر کے اسباق

حیدرآباد،10رفروری (پریس نوٹ) نیشنل اسکل کولفکیشن فریم ورک (این ایس کیو ایف) کے لیول 4 کے نصاب میں مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، آئی ٹی آئی کے الیکٹرانکس میکانک انسٹرکٹر محمد عامر کے اسباق شامل کیے گئے ہیں۔ نیشنل انسٹرکشنل میڈیا انسٹیٹیوٹ (این آئی ایم آئی)، چنئی، ڈائرکٹوریٹ جنرل آف ٹریننگ، منسٹری آف اسکل ڈیولپمنٹ، حکومت ہند کی جانب سے کرافٹسمین ٹریننگ اسکیم کے تحت اس نصابی کتاب کو تیار کروایا گیا



ہے۔ محمد عامر کے علاوہ اس میں تاملناڈو اور کیرالہ کے ماہرین ایس گوری، جے ٹی او، گورنمنٹ آئی ٹی آئی تھیرونمائر، ای کرشنا راج، جے ٹی او، گورنمنٹ آئی ٹی آئی ہوسُر، جناب پرکاش ایم، سینئر انسٹرکٹر، گورنمنٹ آئی ٹی آئی کیرالا، اے جیارمن (ریٹائرڈ) ٹریننگ آفیسر اور آر این کرشنا سامی، ووکیشنل انسٹرکٹر نے بھی اسباق تحریر کیے ہیں۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے قومی سطح کے ادارے کی جانب سے تیار کردہ اکیڈمکس و ہارڈ ویئر کی کتاب میں ابواب کی شمولیت پر انہیں مبارکباد دی اور ان کے مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

Aadab Telangana, 11-02-2023


# علامہ اقبال کے تعلیمی فلسفہ پر ڈاکٹر طارق مسعودی کا توسیعی لیکچر



حیدرآباد، 10رفروری (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے شعبہ تعلیم وتربیت کے زیراہتمام ایک توسیعی لیکچر کا کل بعنوان ’’علامہ اقبال کا تعلیمی فلسفہ‘‘ انعقاد عمل میں آیا۔ پروگرام کے مہمان مقرر ڈاکٹر طارق احمد مسعودی، ایسوسی ایٹ پروفیسر (نظامت فاصلاتی تعلیم) تھے۔ ڈاکٹر مسعودی نے علامہ اقبال کے فلسفہ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے بتایا کہ علامہ اقبال صرف شاعر نہیں تھے، وہ ایک فلسفی، ماہر نفسیات، ماہر تعلیم اور سائنسی سوچ رکھنے والی عظیم شخصیت کے مالک تھے۔ توسیعی لیکچر میں B.Ed، D.El.Ed، M.Ed اور پی ایچ ڈی کے طلبہ وریسرچ اسکالرس نے شرکت کی۔ پروگرام کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر اشوانی نے کارروائی چلائی۔ صدر شعبۂ تعلیم وتربیت پروفیسر محمد مشاہد اور ڈین پروفیسر صدیقی محمد محمود نے بھی خطاب کیا۔ آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر شیخ احتشام الدین، ڈاکٹر شاکرہ پروین اور جناب جہانگیر عالم بھی اس موقع پر موجود تھے۔ پروگرام کا آغاز کلام پاک کی تلاوت سے ہوا۔

Sada e Hussaini, 11-02-2023

# قومی سطح پر تکنیکی تعلیم کے نصاب میں مانو انسٹرکٹر محمد عامر کے اسباق



حیدرآباد، 10 / فروری (پریس نوٹ) نیشنل اسکل کوالیفکیشن فریم ورک (این ایس کیو ایف) کے لیول 4 کے نصاب میں مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، آئی ٹی آئی کے الیکٹرانکس میکانک انسٹرکٹر جناب محمد عامر کے اسباق شامل کیے گئے ہیں۔ نیشنل انسٹرکشنل میڈیا انسٹیٹیوٹ (این آئی ایم آئی)، چینئی، ڈائرکٹوریٹ جنرل آف ٹریننگ، منسٹری آف اسکل ڈیولپمنٹ، حکومت ہند کی جانب سے کرافٹسمین ٹریننگ اسکیم کے تحت اس نصابی کتاب کو تیار کروایا گیا ہے۔ جناب محمد عامر کے علاوہ اس میں ٹاملناڈو اور کیرالا کے ماہرین محترمہ ایس گوری، جے ٹی او، گورنمنٹ آئی ٹی آئی تھیرومنائز، جناب ای کرشنا راج، جے ٹی او، گورنمنٹ آئی ٹی آئی ہوسر، جناب پرکاش ایم، سینئر انسٹرکٹر، گورنمنٹ آئی ٹی آئی کیرالا، جناب اے جیارمن (ریٹائرڈ) ٹریننگ آفیسر اور جناب آر این کرشنا سامی، ووکیشنل انسٹرکٹر نے بھی اسباق تحریر کیے ہیں۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے قومی سطح کے ادارے کی جانب سے تیار کردہ اکیڈمکس و ہارڈویئر کی کتاب میں ابواب کی شمولیت پر انہیں مبارکباد دی اور ان کے مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

Sada e Hussaini, 11-02-2023

# علامہ اقبال کے تعلیمی فلسفہ پر
# ڈاکٹر طارق مسعودی کا توسیعی لیکچر



حیدرآباد، 10 رفروری (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے شعبہ تعلیم و تربیت کے زیراہتمام ایک توسیعی لیکچر کا کل بعنوان "علامہ اقبال کا تعلیمی فلسفہ" انعقاد عمل میں آیا۔ پروگرام کے مہمان مقرر ڈاکٹر طارق احمد مسعودی، ایسوسی ایٹ پروفیسر (نظامت فاصلاتی تعلیم) تھے۔ ڈاکٹر مسعودی نے علامہ اقبال کے فلسفہ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے بتایا کہ علامہ اقبال صرف شاعر نہیں تھے، وہ ایک فلسفی، ماہر نفسیات، ماہر تعلیم اور سائنسی سوچ رکھنے والی عظیم شخصیت کے مالک تھے۔ توسیعی لیکچر میں B.Ed، D.El.Ed، M.Ed اور پی ایچ ڈی کے طلبہ و ریسرچ اسکالرس نے شرکت کی۔ پروگرام کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر اشوانی نے کارروائی چلائی۔ صدر شعبہ تعلیم و تربیت پروفیسر محمد مشاہد اور ڈین پروفیسر صدیقی محمد محمود نے بھی خطاب کیا۔ آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر شیخ احتشام الدین، ڈاکٹر شاکرہ پروین اور جناب جہانگیر عالم بھی اس موقع پر موجود تھے۔ پروگرام کا آغاز کلام پاک کی تلاوت سے ہوا۔

STANDARD POST February 11, 2023

# MANUU Instructor Mohd Ameer Contributes in development of NSQF




**(Standard Post Bureau)**

Hyderabad: The Vice Chancellor, Prof. Syed Ainul Hasan, Maulana Azad National Urdu University congratulated Mr. Mohammed Ameer, Vocational Instructor, Electronics Mechanic ITI MANUU, Hyderabad on his vital contribution in development of Instructional material (1st year Trade Practical) for Electronics Mechanic Trade as per revised National Skills Qualification Framework (NSQF) level 4 syllabus for Craftsman Training Scheme under Directorate General of Training, Ministry of Skill Development and Entrepreneurship Govt of India. and published by National Instructional Media Institute-Chennai.

Other contributors include S. Gowri, JTO-Govt ITI Thiruvanminyr, E. Krishnaraj, JTO-Govt. ITI Hosur, Prakash M, Senior Instructor – Govt ITI-Kerala, A. Jayaraman, Retd Training Officer and Shri R.N. Krishnasamy, Retd. Vocational Instructor. Earlier Mohammed Ameer had also developed Level 5 Instructional Material for the same.

Urdu Action, Bhopal, 11-02-2023

# قومی سطح پر تکنیکی تعلیم کے نصاب میں مانو انسٹرکٹر محمد عامر کے اسباق



حیدرآباد، 10 / فروری (پریس نوٹ) نیشنل اسکل کوالیفکیشن فریم ورک (این ایس کیو ایف) کے لیول 4 کے نصاب میں مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، آئی ٹی آئی کے الیکٹرانکس میکانک انسٹرکٹر جناب محمد عامر کے اسباق شامل کیے گئے ہیں۔ نیشنل انسٹرکشنل میڈیا انسٹیٹیوٹ (این آئی ایم آئی)، چینئی، ڈائرکٹوریٹ جنرل آف ٹریننگ، منسٹری آف اسکل ڈیولپمنٹ، حکومت ہند کی جانب سے کرافٹسمین ٹریننگ اسکیم کے تحت اس نصابی کتاب کو تیار کروایا گیا ہے۔ جناب محمد عامر کے علاوہ اس میں ٹاملناڈو اور کیرالا کے ماہرین محترمہ ایس گوری، جے ٹی او، گورنمنٹ آئی ٹی آئی تھیرووناڑ، جناب ای کرشنا راج، جے ٹی او، گورنمنٹ آئی ٹی آئی ہوسر، جناب پرکاش ایم، سینئر انسٹرکٹر، گورنمنٹ آئی ٹی آئی کیرالا، جناب اے جیارمن (ریٹائرڈ) ٹریننگ آفیسر اور جناب آر این کرشنا سامی، ووکیشنل انسٹرکٹرز نے بھی اسباق تحریر کیے ہیں۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے قومی سطح کے ادارے کی جانب سے تیار کردہ الیکٹرانکس و ہارڈویئر کی کتاب میں ابواب کی شمولیت پر انہیں مبارکباد دی اور ان کے مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

Urdu Action, Bhopal, 11-02-2023

# علامہ اقبال کے تعلیمی فلسفہ پر ڈاکٹر طارق مسعودی کا توسیعی لیکچر



حیدرآباد، 10 رفروری (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے شعبہ تعلیم و تربیت کے زیر اہتمام ایک توسیعی لیکچر کا کل بعنوان "علامہ اقبال کا تعلیمی فلسفہ" انعقاد عمل میں آیا۔ پروگرام کے مہمان مقرر ڈاکٹر طارق احمد مسعودی، ایسوی ایٹ پروفیسر (نظامت فاصلاتی تعلیم) تھے۔ ڈاکٹر مسعودی نے علامہ اقبال کے فلسفہ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے بتایا کہ علامہ اقبال صرف شاعر نہیں تھے، وہ ایک فلسفی، ماہر نفسیات، ماہر تعلیم اور سائنسی سوچ رکھنے والی عظیم شخصیت کے مالک تھے۔ توسیعی لیکچر میں B.Ed، D.El.Ed، M.Ed اور پی ایچ ڈی کے طلبہ و ریسرچ اسکالرس نے شرکت کی۔ پروگرام کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر اشفاق نے کارروائی چلائی۔ صدر شعبہ تعلیم و تربیت پروفیسر محمد مشاہد اور ڈین پروفیسر صدیقی محمد محمود نے بھی خطاب کیا۔ آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر شیخ احتشام الدین، ڈاکٹر شاکرہ پروین اور جناب جہانگیر عالم بھی اس موقع پر موجود تھے۔ پروگرام کا آغاز کلام پاک کی تلاوت سے ہوا۔

رہنمائے دکن

11 FEB 2023

# مانو میں تربیتی پروگراموں کی تکمیل پر اسناد کی تقسیم

## پی ایم کے وی وائی 3.0 اور قومی تعلیمی پالیسی کے تحت تربیتی پروگراموں کا کامیاب انعقاد

حیدرآباد، 10/جنوری (پریس نوٹ) ہر شخص کو اپنی صلاحیتوں کو فروغ دینا چاہیے۔ مہارتوں کا فروغ اہداف کے پیش نظر ایک مسلسل کاوش ہونی چاہیے تاکہ موثر طریقہ سے انہیں حاصل کیا جاسکے۔ نوجوانوں کو حکومت کی مہارتوں کے فروغ (اسکل ڈیولپمنٹ) کی اسکیم سے استفادہ کرنا چاہیے۔ کیونکہ یہ انہیں مواقع فراہم کرتی ہے اور ان کے علم و ہنر کو تقویت دیتی ہے۔ ہنر کی تربیت کے ذریعے ایک شخص کسی بھی منتخبہ میدان میں اپنی مجموعی کارکردگی کو بہتر بنا سکتا ہے اور ایسا کرنے سے اس کی زندگی کا مجموعی معیار بھی بہتر ہوسکتا ہے۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے کل مانو آئی ٹی آئی حیدرآباد کے مانو اسکل ہب میں فیلڈ ٹیکنیشین ایئر کنڈیشنر کورس کی تکمیل کرنے والوں میں سرٹیفکیٹ کی تقسیم کے پروگرام میں ان خیالات کا اظہار کیا۔ وزارت تعلیم اور وزارت اسکل ڈیولپمنٹ و آنٹرپرینیورشپ نے ملک بھر میں پردھان منتری کوشل وکاس یوجنا 3.0 کے تحت اسکل ہبس قائم کیے ہیں۔ اسی کے تحت مانو آئی ٹی آئی، حیدرآباد نے اس تربیتی پروگرام کا انعقاد عمل میں لایا تھا۔ اس تربیتی پروگرام کا مقصد ترک تعلیم اور اسکول نہ جانے والے نوجوانوں کو مسابقتی تربیت فراہم کرنا ہے۔ پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار بھی اس موقع پر موجود تھے۔ پروفیسر عین الحسن نے تمام امیدواروں کو کامیابی کے ساتھ تربیت مکمل کرنے پر مبارکباد دی۔ پروفیسر عبدالواحد، ڈین اسکول آف ٹیکنالوجی، ڈاکٹر عرشیہ اعظم، پرنسپل آئی ٹی آئی و نوڈل آفیسر نے اسکل ٹریننگ ہب کی رپورٹ پیش کی۔ اس موقع پر وی ٹی سی ر آئی ٹی آئی اور اسکل ہب کے شرکاء کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ قبل ازیں کل صبح ایک علیحدہ پروگرام میں پروفیسر سید عین الحسن نے مانو آئی ٹی آئی الیکٹریشین، الیکٹرانک میکانک، ریفریجریشن وایئر کنڈیشننگ اور ڈرافٹسمین سیول کے شعبوں میں تربیت حاصل کرنے والے ''وشا'' اسکول کے طلبہ میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے۔ واضح رہے کہ مانو اور وشا اسکول میں این ای پی 2020 کے تحت ہنر پرمبنی تربیت کی فراہمی پر یادداشت مفاہمت کی گئی ہے۔ مفاہمت کے تحت نویں اور دسویں جماعت کے 216 طلبہ کو مانو آئی ٹی آئی میں تربیت فراہم کی گئی۔ اس موقع پر پروفیسر عین الحسن نے کہا کہ این ای پی 2020 میں اختراعی صلاحیتوں کے فروغ پر زور دیا گیا ہے۔ یہ طلبہ پر منحصر ہے کہ وہ صلاحیتوں کو اپنی ترقی کے لیے کس طرح استعمال کرتے ہیں۔ پروگرام میں پروفیسر اشتیاق احمد، پروفیسر عبدالواحد، محترمہ شانتی پریہ، پرنسپل وشا اسکول موجود تھے۔ ڈاکٹر عرشیہ اعظم نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا اور جناب محمد عامر، انسٹرکٹر الیکٹرانک میکانک نے شکریہ ادا کیا۔

RD

منصف 12 FEB 2023

## علامہ اقبال کے تعلیمی فلسفہ پر ڈاکٹر طارق مسعودی کا لکچر

حیدرآباد، 11رفروری (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے شعبہ تعلیم وتربیت کے زیر اہتمام ایک توسیعی لیکچر کا کل بعنوان ''علامہ اقبال کا تعلیمی فلسفہ'' انعقاد عمل میں آیا۔ پروگرام کے مہمان مقرر ڈاکٹر طارق احمد مسعودی، ایسوی ایٹ پروفیسر (نظامت فاصلاتی تعلیم) تھے۔ ڈاکٹر مسعودی نے علامہ اقبال کے فلسفہ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے بتایا کہ علامہ اقبال صرف شاعر نہیں تھے، وہ ایک فلسفی، ماہر نفسیات، ماہر تعلیم اور سائنسی سوچ رکھنے والی عظیم شخصیت کے مالک تھے۔ توسیعی لیکچر میں B.Ed، D.El.Ed، M.Ed اور پی ایچ ڈی کے طلبہ وریسرچ اسکالرس نے شرکت کی۔ پروگرام کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر اشوانی نے کارروائی چلائی۔ صدر شعبۂ تعلیم وتربیت پروفیسر محمد مشاہد اور ڈین پروفیسر صدیقی محمد محمود نے بھی خطاب کیا۔ آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر شیخ احتشام الدین، ڈاکٹر شاکرہ پروین اور جناب جہانگیر عالم بھی اس موقع پر موجود تھے۔ پروگرام کا آغاز کلام پاک کی تلاوت سے ہوا۔

اعتماد 11 FEB 2023


## علامہ اقبال کے تعلیمی فلسفہ پر ڈاکٹر طارق مسعودی کا توسیعی لکچر

حیدرآباد۔ 10رفروری (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے شعبہ تعلیم وتربیت کے زیر اہتمام ایک توسیعی لکچر کا کل بعنوان ''علامہ اقبال کا تعلیمی فلسفہ'' انعقاد عمل میں آیا۔ پروگرام کے مہمان مقرر ڈاکٹر طارق احمد مسعودی، ایسوی ایٹ پروفیسر (نظامت فاصلاتی تعلیم) تھے۔ ڈاکٹر مسعودی نے علامہ اقبال کے فلسفہ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے بتایا کہ علامہ اقبال صرف شاعر نہیں تھے، وہ ایک فلسفی، ماہر نفسیات، ماہر تعلیم اور سائنسی سوچ رکھنے والی عظیم شخصیت کے مالک تھے۔ توسیعی لکچر میں B.Ed، D.El.Ed، M.Ed اور پی ایچ ڈی کے طلبہ وریسرچ اسکالرس نے شرکت کی۔ پروگرام کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر اشوانی نے کارروائی چلائی۔ صدر شعبۂ تعلیم و تربیت پروفیسر محمد مشاہد اور ڈین پروفیسر صدیقی محمد محمود نے بھی خطاب کیا۔

اعتماد
12 FEB 2023

# قومی سطح پر تکنیکی تعلیم کے نصاب میں مانو انسٹرکٹر محمد عامر کے اسباق

حیدرآباد، 11رفروری (پریس نوٹ) نیشنل اسکل کوالفکیشن فریم ورک (این ایس کیو ایف) کے لیول 4 کے نصاب میں مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، آئی ٹی آئی کے الیکٹرانکس میکانک انسٹرکٹر



جناب محمد عامر کے اسباق شامل کیے گئے ہیں۔ نیشنل انسٹرکشنل میڈیا انسٹیٹیوٹ (این آئی ایم آئی)، چینئی، ڈائرکٹوریٹ جنرل آف ٹریننگ، منسٹری آف اسکل ڈیولپمنٹ، حکومت ہند کی جانب سے کرافٹسمین ٹریننگ اسکیم کے تحت اس نصابی کتاب کو تیار کروایا گیا ہے۔ جناب محمد عامر کے علاوہ اس میں تاملناڈو اور کیرالہ کے ماہرین محترمہ ایس گوری، جے ٹی او، گورنمنٹ آئی ٹی آئی تھیرونمائر، جناب ای کرشنا راج، جے ٹی او، گورنمنٹ آئی ٹی آئی ہوسُر، جناب پرکاش ایم، سینئر انسٹرکٹر، گورنمنٹ آئی ٹی آئی کیرالا، جناب اے جیارمن (ریٹائرڈ) ٹریننگ آفیسر اور جناب آر این کرشنا سامی، ووکیشنل انسٹرکٹر نے بھی اسباق تحریر کیے ہیں۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے قومی سطح کے ادارے کی جانب سے تیار کردہ اکیڈمکس و ہارڈ ویئر کی کتاب میں ابواب کی شمولیت پر انہیں مبارکباد دی اوران کے مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

11:36 AM

روزنامہ منصف حیدرآباد



# مانو آئی ایم سی کی تین فلموں کا انٹرنیشنل فلم فیسٹولس کے لئے انتخاب

رضوان احمد، ڈائرکٹر آئی ایم سی کے بموجب پرکرتی انٹرنیشنل ڈاکیومنٹری فلم فیسٹول، تعلیمی ترسیل کا ایک مقبول ادارہ ہے۔ ان دونوں فلموں کو مدورائی کامراج یونیورسٹی میں فیسٹول کے دوران ایوارڈ اور اسکریننگ زمرہ میں دکھایا جائے گا۔

11:35 AM
urdu.munsifdaily.com/news/educati



# "جل شکتی" ایوارڈ کے لئے مرکزی ٹیم کا دورہ اردو یونیورسٹی

انہوں نے کیمپس میں پانی کے مختلف ذرائع جیسے تالاب، بورویل، سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ، پانی کا تحفظ اور بہتر طریقے سے استعمال کے طریقۂ کار کا

14-02-2023

صدائے حسینی
Sada-E-Hussaini

# مانو آئی ایم سی کی تین فلموں کا انٹرنیشنل فلم فیسٹولس کے لیے انتخاب

حیدرآباد، 13/فروری (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، انسٹرکشنل میڈیا سنٹر (آئی ایم سی) کی فلموں کا تین فلموں کا فلم فیسٹولس میں انتخاب عمل میں آیا ہے۔ مختصر فلم ''ارسطو'' کو پائن ووڈ فلم اسٹوڈیو، آئیور، بکنگھم شائر کے بین الاقوامی فلم فیسٹول لفٹ۔آف گلوبل نیٹ ورک کے لیے انتخاب عمل میں آیا ہے، جبکہ دو فلموں ''کچرے سے توانائی'' اور ''بدلتا بھارت'' کو 14 ویں پرکرتی انٹرنیشنل ڈاکیومنٹری فلم فیسٹول، کنسورشیم آف ایجوکیشنل کمیونکیشن، یونیورسٹی گرانٹس کمیشن، وزارت تعلیم، حکومت ہند کے لیے انتخاب عمل میں آیا ہے۔ جناب رضوان احمد، ڈائرکٹر آئی ایم سی کے بموجب پرکرتی انٹرنیشنل ڈاکیومنٹری فلم فیسٹول، تعلیمی ترسیل کا ایک مقبول ادارہ ہے۔ ان دونوں فلموں کو مدورائی کامراج یونیورسٹی میں فیسٹول کے دوران ایوارڈ اور اسکریننگ زمرہ میں دکھایا جائے گا۔ ''ارسطو'' اردو زبان میں تیار کردہ مختصر ڈاکیومنٹری ہے جس کے ہدایتکار جناب عامر بدر، پروڈیوسر، آئی ایم سی، مانو ہیں۔ فلم میں یونانی فلسفی ارسطو کی سوانح حیات پیش کی گئی ہے۔ ارسطو سماج کے تمام طبقات کو معلومات کی فراہمی کے لیے مانو تاریخ سیریز کے تحت تیار کیا گیا تھا۔ پہلے ہی مختلف فلم فیسٹولس میں اس فلم کو کافی پذیرائی حاصل ہوئی ہے۔ تاحال یہ فلم کسی فیسٹول کے لیے پانچویں مرتبہ منتخب ہوئی ہے۔ جناب عبیداللہ ریحان، کیمرہ پرسن کی ہدایت میں بنی فلم ''بدلتا بھارت'' کی بھی کئی فلم فیسٹولس میں ستائش ہوئی ہے۔ جبکہ ''کچرے سے توانائی'' جسے جناب محمد غوث، پروڈکشن اسسٹنٹ نے تیار کیا ہے کو بھی پہلے ایوارڈ حاصل ہو چکا ہے۔ دونوں فلموں کے تیار کنندگان کو سی ای سی، یو جی سی کی جانب سے پرکرتی انٹرنیشنل ڈاکیومنٹری فلم فیسٹول میں اسکریننگ کے موقع پر مدعو کیا گیا ہے جو مارچ 2023 میں منعقد ہوگا۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے تعلیمی ترسیل کو فروغ دینے کی کوششوں پر آئی ایم سی کی ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد بین الاقوامی سطح کے تعلیمی مواد کی تیاری ہے۔ اس سلسلے میں آئی ایم سی بہترین اقدامات کر رہا ہے۔ جناب رضوان احمد، ڈائرکٹر، سنٹر نے فلموں کا تسلسل کے ساتھ مختلف قومی اور بین الاقوامی فلم فیسٹولس میں مانو کی فلموں کا انتخاب ہمارے لیے اطمینان کا باعث ہے۔

14-02-2023

صدائے حسینی
Sada-E-Hussaini

# ’جل شکتی‘ ایوارڈ کیلئے مرکزی ٹیم کا دورۂ اردو یونیورسٹی



حیدرآباد، 13رفروری (پریس نوٹ) مرکزی وزارت آبی وسائل ’’جل شکتی‘‘ کی جانب سے چوتھے قومی ’’واٹر ایوارڈ‘‘ برائے زمرہ ’’کیمپس کا بہترین استعمال کنندہ ادارہ‘‘ کی زمینی جانچ کے لیے ایک اعلیٰ سطحی ٹیم نے آج مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا دورہ کیا۔ ٹیم میں جناب ڈی رنگا ریڈی، چیف انجینئر کے جی بی او، سی ڈبلیو سی، حیدرآباد؛ جناب سرینواسو بائری، سپرنٹنڈنٹ انجینئر، سی ڈبلیو سی، حیدرآباد؛ محترمہ کیرولین لوکس، سائنٹسٹ، سنٹرل گراؤنڈ واٹر بورڈ، حیدرآباد اور جناب ایم وی کے سریش، پی اے، سی ڈبلیو سی، حیدرآباد شامل تھے۔ جل شکتی ابھیان، مانو کے صدرنشین پروفیسر شکیل احمد نے تمام مہمانان کا استقبال کیا۔ انہوں نے کیمپس میں پانی کے مختلف ذرائع جیسے تالاب، بورویل، سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ، پانی کا تحفظ اور بہتر طریقے سے استعمال کے طریقہ کار کا ٹیم کے روبرو پاور پوائنٹ پریزنٹیشن دیا۔ انہوں نے سوالات کے بھی تشفی بخش جوابات دیئے۔ اس موقع پر یونیورسٹی کے رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد نے بھی اظہار خیال کیا۔ جل شکتی ابھیان مانو کے کنوینر پروفیسر محمد فریاد نے پانی کے تحفظ اور استعمال سے متعلق یونیورسٹی کے اندرون اور بیرون NSS, NCC کی مختلف سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ پیش کیا اور شکریہ ادا کیا۔ بعدازاں جل شکتی ٹیم نے یونیورسٹی میں پانی کے مختلف وسائل کے مقامات جیسے تالاب، بارش کے پانی کے تحفظ کے گڑھوں، بورویل وغیرہ کا مشاہدہ کیا۔ وزارت جل شکتی کی ٹیم نے یونیورسٹی کی جانب سے پانی کے تحفظ کے لیے اٹھائے گئے اقدامات کی ستائش کی۔ اس موقع پر مانو کی جل شکتی ابھیان کمیٹی کے اراکین پروفیسر نسیم فاطمہ، جناب رضوان احمد، ڈاکٹر زید عبدالرحیم، ڈاکٹر اقبال خان، ڈاکٹر جرار احمد، جناب الیس ناگیسوارا ریڈی اور دیگر ذمہ داران بھی موجود تھے۔

Urdu Action, Bhopal, 14-02-2023

# مانو آئی ایم سی کی تین فلموں کا انٹرنیشنل فلم فیسٹولس کے لیے انتخاب

حیدرآباد، 13 فروری (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، انسٹرکشنل میڈیا سنٹر (آئی ایم سی) کی فلموں کا تین فلموں کا فلم فیسٹولس میں انتخاب عمل میں آیا ہے۔ مختصر فلم "ارسطو" کو پائن ووڈ فلم اسٹوڈیو آئیو، ٹیکنکم شائر کے بین الاقوامی فلم فیسٹول لفٹ - آف گلوبل نیٹ ورک کے لیے انتخاب عمل میں آیا ہے، جبکہ دو فلموں "کچرے سے توانائی" اور "بدلتا بھارت" کو 14 ویں پرکرتی انٹرنیشنل ڈاکیومنٹری فلم فیسٹول، کنسورشیم آف ایجوکیشنل کمیونیکیشن، یونیورسٹی گرانٹس کمیشن، وزارت تعلیم، حکومت ہند کے لیے انتخاب عمل میں آیا ہے۔ جناب رضوان احمد، ڈائرکٹر آئی ایم سی کے بموجب پرکرتی انٹرنیشنل ڈاکیومنٹری فلم فیسٹول، تعلیمی ترسیل کا ایک مقبول ادارہ ہے۔ ان دونوں فلموں کو مدورائی کامراج یونیورسٹی میں فیسٹول کے دوران ایوارڈ اور اسکریننگ زمرہ میں دکھایا جائے گا۔ "ارسطو" اردو زبان میں تیار کردہ مختصر ڈاکیومنٹری ہے جس کے ہدایتکار جناب عامر بدر، پروڈیوسر آئی ایم سی، مانو ہیں۔ فلم میں یونانی فلسفی ارسطو کی سوانح حیات پیش کی گئی ہے۔ ارسطو سماج کے تمام طبقات کو معلومات کی فراہمی کے

لیے مانو تاریخ سیریز کے تحت تیار کیا گیا تھا۔ پہلے ہی مختلف فلم فیسٹولس میں اس فلم کو کافی پذیرائی حاصل ہوئی ہے۔ تاحال فلم کسی فیسٹول کے لیے پانچویں مرتبہ منتخب ہوئی ہے۔ جناب عبید اللہ ریحان، کیمرہ پرسن کی ہدایت میں بنی فلم "بدلتا بھارت" کی بھی کئی فلم فیسٹولس میں ستائش ہوئی ہے۔ جبکہ "کچرے سے توانائی" کو جناب محمد غوث، پروڈکشن اسسٹنٹ نے تیار کیا ہے کو بھی پہلے ایوارڈ حاصل ہو چکا ہے۔ دونوں فلموں کے تیار کنندگان کو سی ای سی، یو جی سی کی جانب سے پرکرتی انٹرنیشنل ڈاکیومنٹری فلم فیسٹول میں اسکریننگ کے موقع پر مدعو کیا گیا ہے جو مارچ 2023 میں منعقد ہوگا۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے تعلیمی ترسیل کو فروغ دینے کی کوششوں پر آئی ایم سی کی ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد بین الاقوامی سطح کے تعلیمی مواد کی تیاری ہے۔ اس سلسلے میں آئی ایم سی بہترین اقدامات کر رہا ہے۔ جناب رضوان احمد، ڈائرکٹر، سنٹر نے فلموں کا تسلسل کے ساتھ مختلف قومی اور بین الاقوامی فلم فیسٹولس میں مانو کی فلموں کا انتخاب ہمارے لیے اطمینان کا باعث ہے۔

Urdu Action, Bhopal, 14-02-2023

# "جل شکتی" ایوارڈ کے لیے مرکزی ٹیم کا دورہ اردو یونیورسٹی



حیدرآباد، 13 فروری (پریس نوٹ) مرکزی وزارت آبی وسائل "جل شکتی" کی جانب سے چوتھے قومی "واٹر ایوارڈ" برائے زمرہ "کیمپس کا بہترین استعمال کنندہ ادارہ" کی زمینی جانچ کے لیے ایک اعلیٰ سطحی ٹیم نے آج مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا دورہ کیا۔ ٹیم میں جناب ڈی رنگا ریڈی، چیف انجینئر کے جی بی او، سی ڈبلیو سی، حیدرآباد؛ جناب سرینواسو بابو، سپرنٹنڈنٹ انجینئر سی ڈبلیو سی، حیدرآباد؛ محترمہ کیرولین لوکس، سائنٹسٹ، سنٹرل گراؤنڈ واٹر بورڈ، حیدرآباد اور جناب ایم وی کے سریش، پی اے، سی ڈبلیو سی، حیدرآباد شامل تھے۔ جل شکتی ابھیان، مانو کے صدر نشین پروفیسر شکیل احمد نے تمام مہمانان کا استقبال کیا۔ انہوں نے کیمپس میں پانی کے مختلف ذرائع جیسے تالاب، بورویل، سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ، پانی کا تحفظ اور بہتر طریقے سے استعمال کے طریقہ کار کا ٹیم کے روبرو پاور پوائنٹ پریزنٹیشن دیا۔ انہوں نے سوالات کے بھی تشفی بخش جوابات دیے۔ اس موقع پر یونیورسٹی کے رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد نے بھی اظہار خیال کیا۔ جل شکتی ابھیان، مانو کے کنوینر پروفیسر محمد فریاد نے پانی کے تحفظ اور استعمال سے متعلق یونیورسٹی کے اندرون اور بیرون NCC، NSS کی مختلف سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ پیش کیا اور شکریہ ادا کیا۔ بعد ازاں جل شکتی ٹیم نے یونیورسٹی میں پانی کے مختلف وسائل کے مقامات جیسے تالاب، بارش کے پانی کے تحفظ کے گڑھوں، بورویل وغیرہ کا مشاہدہ کیا۔ وزارت جل شکتی کی ٹیم نے یونیورسٹی کی جانب سے پانی کے تحفظ کے لیے اٹھائے گئے اقدامات کی ستائش کی۔ اس موقع پر مانو کی جل شکتی ابھیان کمیٹی کے اراکین پروفیسر سمیم فاطمہ، جناب رضوان احمد، ڈاکٹر زید عبدالرحیم، ڈاکٹر اقبال خان، ڈاکٹر جرار احمد، جناب ایس ناگیسورا ریڈی اور دیگر ذمہ داران بھی موجود تھے۔

UNI
BREVITY ACCURACY SPEED
United News of India
India's Multi Lingual News Agency
Tuesday, Feb 14 2023 | Time 11:04 Hrs(IST)

Posted at: Feb 13 2023 8:00PM

# Three MANUU films selected for International Fests

Hyderabad, Feb 13 (UNI) Three films produced by Maulana Azad National Urdu University (MANUU), Instructional Media Centre (IMC) have been selected for two prestigious film festivals.

According to Rizwan Ahamd, Director, IMC, the short film "ARISTOTLE" has been selected for Lift-Off Global Network an International Film Festival by Pinewood Film Studio, Iver, Buckinghamshire and two other documentary films "Energy from Waste" & "Transforming India" have been selected for the screening in the 14th Prakriti International Documentary Film Festival by Consortium for Educational Communication (CEC, UGC) Ministry of Education, Government of India.

Both the documentaries will be screened during the award-cum-screening ceremony of the festival at Madurai Kamaraj University scheduled to be held during March 2023.

"Aristotle" is a short biographical film by Md Aamir Badr, Producer of the Media Centre on the life of great Greek Philosopher Aristotle originally produced in the Urdu Language under the MANUU knowledge series.

Prior to this selection, "Aristotle" has been appreciated widely at many film festivals and this is its fifth selection whereas "Transforming India" directed by Obaidulla Raihan, Cameraperson IMC, has also travelled to many festivals and "Energy from Waste" is an award winning documentary directed by M Mohammad Ghouse, Production Assistant of the Centre.

Prof Syed Ainul Hasan, Vice-Chancellor, congratulated the IMC team and said that our focus is to take the academic content at international level and the centre has made significant efforts in supporting this endeavour.

Rizwan Ahamd said that regular selection and recognition of IMC films at various National and International platforms is a matter of great satisfaction and encouragement.
UNI VV RKM

Tags: #Three MANUU films selected for International Fests

# Zain News

The Ultimate News Website

Home› تازہ خبر ›

مانو آئی ایم سی کی تین فلموں کا انٹرنیشنل فلم فیسٹولس کے لیے انتخاب




# مانو آئی ایم سی کی تین فلموں کا انٹرنیشنل فلم فیسٹولس کے لیے انتخاب

"جل شکتی" ایوارڈ کے لیے مرکزی ٹیم کا دورۂ اردو یونیورسٹی



# "جل شکتی" ایوارڈ کے لیے مرکزی ٹیم کا دورۂ اردو یونیورسٹی